© rasailojaraid.com

مدیر کے قلم سے



# تعارف تبصرہ کتب

کتاب: اسلام اور عصر حاضر کے مسائل و حل تصنیف و تحقیق: پروفیسر عبدالماجد صاحب

ضخامت: ۲۷۰ صفحات قیمت: ۱۰۰ روپے

زیر اہتمام: ہزارہ سوسائٹی فار سائنس ریلیجین ڈائیلاگ مانسہرہ

موجودہ عہد مادی ترقی اور عروج کا دور ہے سائنسی ایجادات واکتشافات نے دنیا کو ورطہ حیرت میں ڈال رکھا ہے اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعہ انسان جو محیر العقول کارنامے انجام دے رہا ہے' آج سے سوڈیڑھ سوسال قبل انسان کیلئے اس کا تصور بھی مستبعد معلوم ہوتا تھا' گو ہر شعبہ زندگی میں تو ترقی ہوئی اور مادی اعتبار سے انسان اوج عروج پر ہے' مگر اس کے باوجود اس کو چین کی زندگی میسر نہیں ابھی تک انسان کے مسائل حل نہیں ہوئے۔ وہ بنیادی حقوق سے محروم ہے' اور دنیا سے ظلم وستم کی حکمرانی ختم نہیں ہوئی' مانا اس نے ستاروں پر کمندیں ڈالنے کی بھرپور کوششیں کیں اور چاند وفضا کو مسخر کر دیا' مگر مادی لحاظ سے بزعم خود چودہ طبق روشن کرنے والا انسان روحانی اعتبار سے تاریکیوں کی اتھاہ گہرائیوں میں بری طرح گھرا ہوا ہے۔ ؎ جس قدر تسخیر خورشید و قمر ہوتی گئی زندگی تاریک سے تاریک تر ہوتی گئی

جس سے معلوم ہوا کہ انسانی خوشحالی اور سکون وطمانیت کا راز وحی الہٰی اور حضور اکرم ﷺ کے اتباع میں مضمر ہے۔ بقول پروفیسر ٹائن بی ہمارے مسائل کا حل سائنسی تجربہ گاہوں میں نہیں مل سکتا' کیونکہ ہمارے مسائل اخلاقی ہیں' اور سائنس اخلاق کے دائرے میں دخل نہیں رکھتی اپنی معاشرتی بیماریوں کو خدا کے بغیر حل کرنے کے نتائج ہمارے سامنے آچکے ہیں' اس لئے دور حاضر کی سب سے بڑی ضرورت ایک فوق الطبعی ایمان کا احیاء ہے' مولف کتاب نے اسی تناظر میں کتاب لکھی ہے' یہ کتاب دراصل بقول مؤلف ان مضامین اور مقالات کا مجموعہ ہے جو گزشتہ پندرہ سالوں کے دوران مختلف مواقع پر لکھے گئے۔ ان مضامین کا بنیادی تانا بانا اس خیال پر مبنی ہے کہ انسان کے موجودہ مسائل اور مصائب کو کس طرح وحی الہٰی کی روشنی میں حل کیا جاسکتا ہے۔...... ان مقالات و مضامین کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ ان میں سے اکثر مقالات انعام یافتہ ہیں' بقول مؤلف ان مضامین و مقالات کو کتابی شکل میں پیش کرنے کا مقصد یہ ہے کہ نوجوان ان سے استفادہ کر کے اپنی زندگیوں کو سنوار سکیں۔ کتاب بلاشبہ انتہائی مفید معلومات پر مشتمل ہے۔ اور مؤلف نے بہت ہی کوشش اور طویل جدوجہد کے بعد نہ صرف نوجوان نسل بلکہ عامۃ المسلمین کیلئے ایک ایسا ارمغان اور نسخہ کیمیا تیار کیا ہے جس سے بہت کچھ سیکھا جاسکتا ہے' ان مقالات میں ہر مقالہ اپنی

© rasailojaraid.com